17/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  اعجازہ اخترسے خبریں سُنئے

**وزیر داخلہ**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور، وزیر اعظم نریندر مودی کے مضبوط سیاسی عزم، انٹلیجنس ایجنسیوں کی طرف سے صحیح معلومات اور تینوں مسلح افواج کی اسٹرائک کرنے کی بے چوک صلاحیت کی ایک منفرد علامت ہے۔ یہ بات انہوں نے نئی دلّی میں اطلاعات شیئر کرنے کے مقصد سے نئے کثیر ایجنسی سینٹر کا افتتاح کرنے کے بعد کہی۔ پانچ سو کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا یہ مرکز ملک کی اندرونی سلامتی کے مضبوط ڈھانچے کے طور پرکام کرے گا ۔

**آکاش تیر**

حالیہ آپریشن سندور کے دوران بھارت نے ایک نئے لڑا کو ہتھیار آکاش تیر کا استعمال کیا۔9 اور دس مئی کی درمیانی رات ، جب پاکستان نے بھارت کے شہری علاقوں اور فوجی تنصیبات پر حملہ کیا، تو بھارت نے اس حملے کے مقابلے میں آکاش تیر کا استعمال کیا ، جس نے خاموشی سے اپنا کام کر کے پاکستان کے حملے کو ناکام بنا یا ۔ آکاش تیر اب رسالوں میں چھپنے والی تصاویر تک محدود نہیں رہا ہے بلکہ اب یہ فضائی فوج کی ایک تلوار بن چکا ہے۔

**لیفٹنٹ گورنر ملاقات**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے راج بھون سرینگر میں کئی ارکان اسمبلی اور دیگر کئی شخصیات نے الگ الگ ملاقات کی ، جس دوران انہوں نے پاکستان کی حالیہ بلا جواز گولہ باری سے متاثرہ کنبوں کی بہبودی سے جڑے کئی معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔ انہوں نے ولیج ڈیفنس گارڈس کو مضبوط کرنے اور دیگر معاملات بھی ایل جی کی دانست میں لائے ۔ ان میں ڈوڈہ ویسٹ کے ممبر اسمبلی شکتی راج پریہار ، چنینی کے ممبر اسمبلی بھلونت سنگھ منکوٹیہ

اور جموں کشمیر جنتا دل یونائٹڈ کے صدر جی ایم شاہین شامل ہیں ۔ دریں اثناءبی جے پی کے ترجمان گورو گپتا نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی ۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل کو تن دہی کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پرحل کرنے نیز انہیں حکمرانی کا ایک موثر عمل دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے ۔ وہ رابطہ آفس سرینگر میں متعدد وفود کے ساتھ ملاقات کے دوران اُن کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کر رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے لوگوں کے مسائل غور سے سُنے اور انہیں یقین دلایا کہ عوامی نوعیت کے معاملات کو جلد از جلد حل کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناءوزیراعلیٰ نے کہا کہ پروازوں کے منسوخ ہونے کی وجہ سے درماندہ ایک ہزار8سو 95عازمین حج کو سفر محمود پر روانہ کرنے کیلئے اضافی حج پر وازیں چلانے کا معاملہ مرکزی سرکار کے ساتھ اٹھایا گیا ہے ۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ عازمین کی بلا خلل روانگی کو یقینی بنانا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے

جاوید احمد ڈار

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے دیہی ترقیاتی اقدامات پر فوری اور شفاف عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔سول سیکرٹریٹ سرینگر میں متعلقہ محکمہ کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے جاری منصوبوںکے کام میں سرعت لائیں ۔

وائس چانسلر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا جو کہ جموں اور کشمیر یونیورسٹیوں کے چانسلر بھی ہیں، نے کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان کو دو سال کی مدت کے لئے کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر کے طور پر دوبارہ تعینات کیا ہے ۔اس سلسلے میں ایل جی سیکریٹریٹ سے باضابطہ ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ہے ۔ واضح رہے کہ پروفیسر نیلوفر خان کی موجودہ مدت 19 مئی کو مکمل ہو رہی ہے ۔

گرمی

درجہ حرارت میں ہو رہے اضافے کے چلتے جموں کشمیر کے کئی علاقوں میں گرمی نے شدت اختیار کی ہے ۔ اس صورتحال مینلوگوں بالخصوص بچوں ، بزرگوں اور حاملہ خواتین کو احتیاطی تدابیر کرنے کی ضرورت ہے۔

جاری موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ